## کچھ امن دشمن عناصر کراچی کے امن کو خراب کرنے کیلئے سازشی ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں۔الطاف حسین

## سازشی عناصر کی سازش ہے کہ ایم کیوایم اورسنی تحریک کے کارکنوں کو آپس میں لڑایا جائے تا کہ شہر کا امن خراب کیا جائے

## ایم کیوایم اورسنی تحریک کےلوگ آپس میں ملکر ایک دوسرے کولڑانے اورشہر کا امن خراب کرنے کی سازشوں کو ہر قیمت پرنا کام بنائیں

لندن۔۔۔14 نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ کچھ امن دشمن عناصر شہر کراچی کے امن کو خراب کرنے کیلئے مختلف سازشی ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں۔لندن سے جاری ہونے والے اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کچھ سازشی عناصر کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے طرح طرح کی سازشیں کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سازشی عناصر کی یہ بھی سازش ہے کہ ایم کیوایم اورسنی تحریک کے کارکنوں کو آپس میں لڑایا جائے تا کہ شہر کا امن وامان خراب کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور کراچی تنظیمی کمیٹی کو ہدایت کی کہ وہ فی الفور سنی تحریک کے رہنماؤں سے بات کریں اور دونوں طرف کے لوگ آپس میں ملکر ایک دوسرے کولڑانے اورشہر کا امن خراب کرنے کی سازشوں کو ہر قیمت پرنا کام بنائیں۔

## اسپیکر قومی اسمبلی محترمہ فہمیدہ مرزا کی ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین سے فون پر گفتگو، باجوڑ کے متاثرین کیلئے اسپیکر ریلیف فنڈ میں پانچ لاکھ روپے کا عطیہ ملنے پر شکریہ ادا کیا

## دکھی لوگوں کیلئے آپ کا جذبہءخدمت قابل تعریف اوردوسروں کیلئے قابل تقلید ہے۔محترمہ فہمیدہ مرزا

## انشاءاللہ ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کا اتحادمزید مضبوط ہوگا۔الطاف حسین

لندن۔۔۔14 نومبر 2008ء۔۔اسپیکرقومی اسمبلی محترمہ فہمیدہ مرزا نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کوفون کر کے باجوڑ کے متاثرین کیلئے اسپیکر ریلیف فنڈ میں پانچ لاکھ روپے کا عطیہ ملنے پران کا شکریہ ادا کیا۔اسپیکرقومی اسمبلی نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دکھی لوگوں کیلئے آپ کا جذبہءخدمت قابل تعریف اوردوسروں کیلئے قابل تقلید ہے۔محترمہ فہمیدہ مرزا نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا کی زبانی آپ سے ہونے والی خوشگوار ملاقات کی تفصیلات جان کر وہ بہت متاثر ہوئی ہیں اوروہ بھی لندن آکر ملاقات کی خواہشمند ہیں۔محترمہ فہمیدہ مرزا نے کہا کہ ملاقات کرنے سے غلط فہمیاں اورغلط تاثر زائل ہوتے ہیں اورتعلقات خوشگوار ہوتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے محترمہ فہمیدہ مرزا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر ذوالفقارمرزااورپیر مظہرالحق سے ان کی ملاقات بہت اچھی رہی ہے اوراس ملاقات سے ایم کیوایم اورپیپلز پارٹی ایک دوسرے کےمزید قریب آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ ایم کیوایم اورپیپلز پارٹی کا اتحادمزید مضبوط ہوگا۔

## سندھ یونائٹڈ پارٹی کے وائس چیئرمین سید غلام شاہ، جئے سندھ قومی محاذ کے چیئرمین رسول بخش تھیبو اورسیکریٹری جنرل ریاض حسین چانڈیو کی نائن زیرو پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت اورسینیٹر بابر خان غوری سے ملاقات

## قادر پور گیس فیلڈ کی نجکاری، کالاباغ ڈیم اورسندھ کے دیگر ایشوز پرایم کیوایم کے اصولی مؤقف اورجراتمندانہ کردار کو سراہا

کراچی۔۔۔14، نومبر 2008ء۔۔۔سندھ کی قوم پرست جماعتوں سندھ یونائٹڈ پارٹی کے وائس چیئرمین سید غلام شاہ، جئے سندھ قومی محاذ کے چیئرمین رسول بخش تھیبو اورسیکریٹری جنرل ریاض حسین چانڈیو نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت اورسینیٹر بابر خان غوری سے ملاقات کی اوران سے سندھ کی مجموعی صورتحال سمیت دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔قوم پرست رہنماؤں نے قادر پورگیس فیلڈ کی نجکاری، کالاباغ ڈیم اورسندھ کے دیگر ایشوز پرایم کیوایم کے اصولی مؤقف اورجراتمندانہ کردار کو سراہا اوراسے وقت کی ضرورت قرار دیا۔وفد سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر نصرت اور بابر غوری نے کہا کہ چاہے کالاباغ ڈیم کا ایشو ہو، این ایف سی ایوارڈ کا معاملہ ہو یا قادر پور گیس فیلڈ کی نجکاری کا معاملہ ہو قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ سندھ دھرتی کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے اور ہمارا واضح مؤقف ہے کہ ہم سندھ کے حقوق کیلئے کسی بھی قیمت پر پیچھے نہیں ہٹیں گے۔اس موقع پر وفد کے ارکان نے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد کی تعریف کی اوراپنی جماعت کا مئوقف بیان کیا۔ملاقات میں دونوں جانب سے رابطوں کو جاری رکھنے پرزور دیا گیا۔اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج سلیم تاجک اوررکن ریاض احمد بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر اقلیتی کارکن کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔14، نومبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے اقلیتی کارکن ناتھالعل کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں شریک ہے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔14، نومبر 2008ء ۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابط کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن نور کے والد محمد ذاکرین، ملیر سیکٹر یونٹ 98 ایلڈر زونگ کے سیکٹر کمیٹی کے رکن رشید احمد کی اہلیہ اور کارکن شکیل کی والدہ سرور سلطانہ کے انتقال پر گہرے رنج کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین) دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 28 اقلیتی کارکن ناتھالعل کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔

## ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکن محمد اکرم شہید کا فاتحہ سوئم

کراچی ۔۔۔14، نومبر 2008ء ۔۔۔ مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکن محمد اکرم شہید کا فاتحہ سوئم آج بعد نماز جمعہ جامعہ مسجد مدنی اورنگی ٹاؤن میں ہوا جس میں محمد اکرم شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورشہید کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔سوئم کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد، حق پرست صوبائی وزراء عبدالرؤف صدیقی، خالد عمر، اورنگی ٹاؤن کے ٹاؤن ناظم عبدالحق، سائٹ ٹاؤن کے ٹاؤن ناظم اظہار احمد خان، یوسی ناظمین، کونسلرز، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، علاقائی سیکٹرز ویونٹوں کے عہدیداران، کارکنان، ہمدردوں اورشہید کے عزیز واقارب نے بری تعداد میں شرکت کی اور محمد اکرم شہید کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہید کے بلند درجات کیلئے دعائیں کیں۔

☆☆☆☆☆